© rasailojaraid.com

میں شعبۂ تدریس سے وابستہ ہیں۔ ان کا شمار ملک کے ان بہترین عربی قلم کاروں میں ہوتا ہے، جو انگلیوں پر گنے جا سکتے ہیں، عربی تقریر و تحریر میں ان کو قابل رشک ملکہ حاصل ہے اور وہ بلاشبہ قادر الکلام، متمکن اور متقن عربی ادیب ہیں۔ وہ اب تک متعدد کتب کے بہترین عربی ترجمے کر چکے ہیں۔ زیر نظر کتاب بھی ''علم الصیغہ'' کا بہترین عربی ترجمہ ہے، اس ترجمہ کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کی زبان انتہائی آسان اور دلنشین ہے، مگر عجمیت کے داغ سے پاک صاف۔ پوری کتاب میں کہیں بھی کسی بھی تعبیر سے نہیں لگتا کہ مترجم عجمی ہیں۔ تعبیرات میں رکاکت ہے، نہ تعقید ہے نہ ضعف تالیف۔ جا بجا بغرض تشریح مفید حواشی بھی لکھے گئے ہیں۔ فاضل مترجم نے کتاب کے شروع میں حضرت مولانا محمد رفیع صاحب عثمانی دامت برکاتہم کے تحریر کردہ مقدمہ کا عربی ترجمہ بھی کیا ہے، جو علم اشتقاق اور علم صرف کے مبادی اور ان کی تدوین وغیرہ پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب کارڈ ٹائٹل، متوسط کاغذ اور عمدہ طباعت کے ساتھ چھپی ہے۔ نیز عربی قواعد املاء و ترقیم کا بھی خاص خیال رکھا گیا ہے۔

**قرآن کریم میں رسول اکرم ﷺ کا عالی مقام:** تالیف: حضرت مولانا مفتی عبدالرحمٰن کوثر مدنی، ناشر: زمزم پبلشرز کراچی، صفحات: 276، سائز: 23×36/16، قیمت: 300 روپے۔

زیر نظر کتاب حضرت مولانا مفتی محمد عاشق الٰہی بلند شہری رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادے مفتی عبدالرحمٰن کوثر مدنی کی تالیف ہے، جس میں انہوں نے قرآنی آیات کی روشنی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے عالی مقام کو بیان کیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت، فضیلت اور علوّ مقام پر دلالت کرنے والی آیات کریمہ میں سے ہر ہر آیت کا ترجمہ و تفسیر کرنے اور تفسیری نکات و فوائد بیان کرنے کا بھی انہوں نے خوب اہتمام کیا ہے۔ فاضل مؤلف کا طرز استدلال دلچسپ ہے، زبان شُستہ، اسلوب بالکل عام فہم اور آسان ہے، آج جب کہ دریدہ دہن کفار، دنیا بھر میں رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی گستاخیاں کر رہے ہیں، اس کتاب کا مطالعہ ان شاء اللہ تعالیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت میں بے انتہا اضافہ کا باعث ہوگا۔ کتاب کی جلد بندی مضبوط، طباعت و سیٹنگ معیاری، کاغذ عمدہ اور ٹائٹل دل موہ لینے والا ہے۔

**اتمام الصحیفة في توضیح علم الصیغة:** مؤلفہ: مفتی عنایت احمدؒ، مترجم: عبدالوحید ملک عبدالحق، صفحات: 210 سائز: 20×30/8، قیمت: 225 روپے، ناشر: زمزم پبلشرز کراچی۔

زیر نظر کتاب ''اتمام الصحیفة في توضیح علم الصیغة''، فن صرف کی شہرۂ آفاق کتاب ''علم الصیغہ'' کا ایک اور عربی ترجمہ ہے، اس میں فاضل مترجم نے صرف ترجمہ پر اکتفاء نہیں کیا، بل کہ جا بجا انہوں نے توضیح کی غرض سے اصل عبارت پر ترجمہ میں اضافہ بھی کیا ہے، بعض عبارات، مباحث اور ابواب میں تقدیم و تاخیر بھی کی ہے، اپنی طرف سے بعض مفید مباحث کا اضافہ بھی کیا ہے۔ جو گردانیں ناقص تھیں انہیں مکمل کیا گیا ہے، ہر باب کے ساتھ اس کے خواص بھی


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ذکر کیے گئے ہیں......گویا یہ کتاب، علم الصیغہ کا تشریحی ترجمہ ہونے کے ساتھ ساتھ اس کی ایک نئی شکل ہے۔ جو فاضل مترجم کی چھ سال کی محنت کا نچوڑ اور نتیجہ ہے۔ البتہ اس میں چند امور قابل غور ہیں:

۱- کتاب کے بعض مباحث، عبارات اور ابواب میں تقدیم و تاخیر کر کے اور بعض مباحث کا اضافہ کر کے ترتیب میں جو رد و بدل کیا گیا ہے، اس نے کتاب کی اصل روح کو مجروح کر دیا ہے، ایسی شکل میں یہ کتاب نصاب میں داخل اصل کتاب "علم الصیغہ" کی جگہ نہیں لے سکتی اور نہ ہی اس سے نصابی ضرورت پوری ہو سکتی ہے۔ غرض یہ فن صرف کی ایک مستقل اور نئی کتاب تو ضرور ہے، مگر "علم الصیغہ" کا متبادل ہرگز نہیں۔

۲- تصنیف و تالیف کے لئے جس اعلیٰ معیار کی عربی ہونی چاہئے، زیر نظر کتاب میں وہ اعلیٰ معیار نہیں پایا جاتا، تبصرہ کا دامن چونکہ تنگ ہوتا ہے، اس لئے اس پر تفصیلی تبصرہ نہیں کیا جا سکتا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ فاضل مترجم نے کتاب کی تسہیل و تعریب وغیرہ میں خوب جان لگائی ہے، مگر چھاپنے سے پہلے اگر کسی ماہر عربی دان کی غائرانہ نظر سے کتاب گزار دی جاتی تو صورت حال مختلف ہوتی۔

۳- قواعد املاء و ترقیم کا اہتمام تو کیا گیا ہے، مگر کما حقہ بھرپور اہتمام نہیں کیا گیا، کلمات کے ضبط اور اعراب بھی بعض جگہ غلط لگے ہیں۔

اس کتاب کو اصل کتاب کی ترتیب کے مطابق درج بالا امور کا لحاظ کر کے اس پر اگر دقیق نظر ثانی کر لی جائے اور مفید مباحث کو حاشیہ میں منتقل کر دیا جائے تو یہ علم الصیغہ کا بہترین متبادل بن سکتی ہے۔ ورنہ اس حالت میں یہ کتاب دینی مدارس کے مرحلہ ثانویہ کے طلبہ کی نصابی ضرورت پوری نہیں کر پائے گی۔ امید ہے فاضل مترجم اس رائے پر ضرور غور فرمائیں گے۔ باقی طباعت و کاغذ اپنی مثال آپ ہے۔

**منتخب لغات القرآن:** تصنیف: حضرت مولانا مفتی محمد نسیم بارہ بنکوی، ناشر دار الہدیٰ کراچی، صفحات: 511، سائز: 23×36/16، قیمت: 300 روپے۔

زیر نظر کتاب "منتخب لغات القرآن" دار العلوم دیوبند کے استاذ التفسیر والادب مولانا مفتی محمد نسیم بارہ بنکوی کی ہے، اس میں انہوں نے سورتوں اور آیات کی ترتیب سے پہلے پندرہ پاروں کے قرآنی کلمات کی توضیح و تشریح کی ہے۔ اس ضمن میں انہوں نے جو کام کیا ہے اس کا اجمالی جائزہ کچھ یوں ہے:

الفاظ کی لغوی و صرفی تحقیق، افعال کے ابواب اور صیغوں کی نشاندہی، اسماء کی واحد اور جمع، اسماء و افعال کے مادوں کا بیان، لفظ کے لغوی و حقیقی معنی کی نشاندہی کے ساتھ مرادی معنی کی نشاندہی، جا بجا نحوی ترکیبوں کا ذکر، حسب ضرورت تفسیری مباحث، شخصیات قرآنی کا مشکبو تذکرہ۔

اس مقصد کے لیے انہوں نے عربی اور اردو کی کئی کتب و تفاسیر سے استفادہ کیا ہے۔ پوری کتاب کا بالاستیعاب



© rasailojaraid.com